**28.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

.................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے تجارت و سرمایہ کاری، صاف ستھری اور ماحول کیلئے سازگار توانائی سمیت مختلف شعبوں میں بھارت EU تعلقات کو مستحکم کرنے کا عہد کیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں قومی راجدھانی میں امن وقانون کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انھوں نے غیرقانونی طور پر رہ رہے بنگلہ دیشی اور روہنگیا افراد کے ملک میں داخلے اور قیام میں مدد کرنے والے پورے نیٹ ورک کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی۔

☆ بھارت نے موجودہ مالی سال کی تیسری سہ ماہی میں ملک کی GDP کے چھ اعشاریہ دو فیصد کی شرح سے ترقی کرنے کے بعد ایک مرتبہ پھر دنیا کی تیزی کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت کا مقام حاصل کرلیا ہے۔

☆ اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں برف کے تودے گرنے کے ایک بڑے واقعے میں پھنسے ہوئے 32 ورکروں کو بچا لیا گیا ہے۔ ہماچل پردیش میں شدید بارش اور برفباری جاری ہے۔

☆ Sensex میں تقریباً ایک ہزار 400 پوائنٹس اور نفٹی میں 400 سے زیادہ پوائنٹس کی بڑی گراوٹ آئی ہے۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Prez EU India

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں یوروپین کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران، طرفین نے تجارت و سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور اختراع، صاف ستھری اور ماحول کیلئے سازگار توانائی، کنکٹی ویٹی اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں میں اپنے تعلقات کو مستحکم کرنے کا عزم کیا۔ بھارت اور یوروپی یونین نے 2025 اور آئندہ کیلئے ایک اہم ایجنڈا طے کیا ہے۔ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان دو دہائی پر مبنی کلیدی شراکت داری فطری ہے۔وزیر اعظم نے ذکر کیا کہ بھارت اور EU کے درمیان شراکت داری کو وسعت اور رفتار دینے کیلئے مختلف فیصلے کئے گئے ہیں۔

S/B 2100 PM Modi on Semiconductor

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ بھارت - مغربی ایشیا - یوروپ اقتصادی کوریڈور کے ساتھ پیش قدمی کرنے کے سلسلے میں پختہ اقدامات کئے جائیں گے تاکہ کنکٹی ویٹی کو فروغ حاصل ہوسکے۔ جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ سائبر سکیورٹی، بحری سلامتی اور انسدادِ دہشت گردی کے سلسلے میں اشتراک میں اضافہ کیا جائے گا۔

S/B 2100 Modi on Terrorism

اپنے بیان میں یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی زیر قیادت تعلقات مستحکم ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور یوروپ مشترکہ عزائم اور اقدار کو مشترک کرنے کے پابند عہد ہیں۔

S/B 2100 Ursula Von Der Leyen

## India European Union

بھارت کے دورے پر آئی ہوئی یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین اس سال کے آخر تک آزاد تجارتی معاہدے کو قطعی شکل دیں گے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور انھوں نے اس سے اتفاق کیا ہے۔ محترمہ Leyen نے مزید کہا کہ یوروپی یونین اور بھارت کے درمیان ایک آزاد تجارتی معاہدہ دنیا میں کہیں بھی اپنی نوعیت کا سب سے بڑا معاہدہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور EU کے پاس بھارت-مغربی ایشیا- یوروپ کوریڈور کو حقیقت میں بدلنے کا ایک تاریخی موقع ہے۔x

## MEA EU Prez Visit

سکریٹری (مغرب) Tanmaya Lal نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر von der Leyen نے اپنی ٹیموں کو ہدایت دی ہے کہ بھارت- یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدہ، ایک سال کے اندر اندر مکمل ہونا چاہیے۔ انہوں نے آج نئی دلّی میں دونوں رہنماؤں کے درمیان وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد میڈیا کو تفصیل بتائی۔ انہوں نے کہا کہ اِس پہلو پر بات چیت کا سلسلہ جاری ہے۔

2100- Tanmay Lal- Trade & Techno...

جناب لال نے کہا کہ ہنر کے تبادلے اور مہارت میں سہولت پیدا کرتے ہوئے سپلائی چین کو فروغ دیتے ہوئے سیمی کنڈکٹر مفاہمت کے اقرار ناموں کے نفاذ میں پیش رفت ہوئی ہے۔ بھارت AI مشن اور یوروپین AI دفتر کے درمیان تعاون بھی گہرا ہوا ہے۔

تحقیق سے متعلق پروجیکٹوں کیلئے صاف ستھری اور سبز توانائی پر 60 ملین یوروز کی مشترکہ فنڈنگ کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ سکریٹری (مغرب) نے کہا کہ ایک بھارت اور یوروپی یونین گرین ہائیڈروجن فورم منعقد کیا جائے گا اور آف شور وِنڈ انرجی پر ایک بھارت-ای یو بزنس سمٹ کا بھی منصوبہ ہے۔ x

**Jitendra India EU**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دلّی میں خلاء کے سیکٹر کے ماہرین کے ساتھ ساتھ کمشنر Andrius Kubilius کی قیادت میں یوروپی یونین کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کی میزبانی کی۔ یوروپی یونین کے وفد سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ خلاء کے شعبے میں بھارت- یوروپی یونین بات چیت کی ایک طویل تاریخ ہے اور یہ بڑھ کر مضبوط ہو رہی ہے۔ انہوں نے خلاء کے شعبے میں بھارت کی حصولیابیوں کا بھی ذکر کیا۔ x

**PM Khusrau**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں سندر نرسری میں جہانِ خسرو 2025 میں شرکت کی۔ انہوں نے یہ کہتے ہوئے جہانِ خسرو کی ستائش کی کہ اِس طرح کی اہم تقریبات، ملک کی ثقافت اور آرٹ کے لیے اہم ہیں اور اِس پروگرام نے لوگوں کے دلوں میں ایک مقام بنایا ہے، جو کہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوفی روایت کا ملک میں ایک منفرد مقام ہے اور یہ ایک مشترک وراثت ہے۔

S/B: PM

عظیم الشان صوفی موسیقی فیسٹول، اِس سال اپنی 25 ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ یہ فیسٹول اگلے مہینے کی 2 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اِس فیسٹول میں امیر خسرو کی وراثت کا جشن منانے کیلئے پوری دنیا کے دستکار اکٹھا ہوئے ہیں۔ رومی فاؤنڈیشن کے ذریعے یہ فیسٹول منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس فیسٹول کا آغاز نامور فلم ساز اور فن کار مظفر علی نے 2001 میں کیا تھا۔

فیسٹول کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے TEH Bazar کا دورہ کیا، جس میں ایک ضلع، ایک دستکاری اشیاء اور ملک بھر کے دیگر فن پاروں نیز ہینڈی کرافٹ اور ہینڈ لومس پر مختصر فلموں کی بھی نمائش کی جا رہی ہے۔x

**Amit Shah Meeting**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اُس پورے نیٹ ورک کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے جس کے تحت غیرقانونی طور پر بنگلہ دیشی اور روہنگیا افراد کو ملک میں داخل ہونے اور اُن کے قیام میں مدد فراہم ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں غیرقانونی طور پر رہ رہے افراد کا معاملہ قومی سلامتی سے وابستہ ہے اور اس سے سختی سے نمٹا جانا چاہیئے۔ انھوں نے ایسے لوگوں کی شناخت کئے جانے اور واپس ان کے ملک بھیجے جانے کو کہا۔ جناب شاہ نے آج دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، دلّی کے داخلی امور کے وزیر آشیش سود، پولیس کے کمشنر اور سینئر عہدیداران کے ساتھ نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے..................

VC Pallavi

میٹنگ کے دوران وزیر داخلہ نے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ دلّی کی ڈبل انجن حکومت شہر کی ترقی اور

سلامتی کیلئے دوگنی رفتار سے کام کرے گی۔ انھوں نے دلّی میں بین ریاستی گینگ کے خاتمے اور منشیات کے نیٹ ورک کو تہس نہس کئے جانے پر زور دیا۔ جناب شاہ نے ہدایت دی کہ دلّی میں تعمیرات سے متعلق معاملوں میں دلّی پولیس کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ خواتین اور بچوں کی سلامتی کیلئے جگی جھونپڑی میں سکیورٹی سے متعلق نئی کمیٹیاں قائم کی جائیں گی۔ میٹنگ میں دلّی پولیس کو اضافی عہدوں کیلئے تقرری کا عمل شروع کرنے کی بھی ہدایت دی گئی۔

دلّی سے بھوپیندر سنگھ اور Pallavi Parmar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمٰن

جائزہ میٹنگ میں دلّی حکومت کو یہ ہدایت دی گئی کہ وہ 2020 کے دلّی فسادات کے معاملوں کے جلد نمٹارے کیلئے خصوصی وکیل مقرر کرے۔ جناب شاہ نے دلّی پولیس سے اُن مقامات کی نشاندہی کرنے کو بھی کہا ہے جہاں ٹریفک جام کی صورتحال رہتی ہے اور لوگوں کو اس سے نجات دلانے کیلئے اس کا حل تلاش کرنے کو بھی کہا ہے۔x

## India GDP

موجودہ مالی برس کی تیسری سہ ماہی میں بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے چھ اعشاریہ دو فیصد کی شرح سے اضافے کے سبب ملک نے ایک مرتبہ پھر سب سے تیز ترقی کرنے والی اہم معیشت کا مقام حاصل کرلیا ہے۔ یہ اضافہ پچھلی سہ ماہی میں پانچ اعشاریہ چھ فیصد کی نظرثانی شدہ شرح سے زیادہ ہے۔ بھارت کی GDP میں گذشتہ مالی سال کی تیسری سہ ماہی میں آٹھ اعشاریہ چھ فیصد کی شرح سے اضافہ ہوا تھا۔ اعداد وشمار اور پروگرام کے نفاذ سے متعلق وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے پہلے نظرثانی شدہ اندازوں کے مطابق مالی سال 2024-25 میں اصل GDP میں چھ اعشاریہ پانچ فیصد کی شرح سے اضافے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔x

## Rev. Uttarakhand Avalance

اتراکھنڈ میں چمولی ضلعے کے Mana گاؤں کے نزدیک آج صبح بڑے پیمانے پر برف کے تودے گرنے سے پھنسے ہوئے 32 ورکروں کو باہر نکال لیا گیا ہے۔ BRO کمانڈر اَنکور مہاجن نے آکاشوانی کو بتایا کہ ITBP، NDRF، SDRF اور بھارتی فوج کی ٹیمیں، باقیماندہ ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے تلاشی کی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ البتہ خراب موسم، اِن کوششوں میں رکاوٹ بن رہا ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی سے بات کی اور انہیں ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے دہرہ دون میں اسٹیٹ ایمرجنسی کنٹرول روم میں باؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا ہے۔ انہوں نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ مرکزی حکومت، ریاستی حکومت اور دیگر ایجنسیاں، پھنسے ہوئے ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کر رہے ہیں۔ x

## Shah Avalanche

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں برف کے تودے کے نیچے پھنسے لوگوں

کو بحفاظت نکالنا حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ انھوں نے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی، ITBP اور NDRF کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان سے بات کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ بچاؤ کارروائیوں میں پوری طرح سرگرم ہے اور NDRF کی دو ٹیمیں بھی وہاں پہنچ رہی ہیں۔x

## Rev Detailed Stocks

گھریلو ایکویٹی سے متعلق اشاریہ میں آج نمایاں گراوٹ درج کی گئی۔ Sensex اور نفٹی دونوں میں منفی رجحان دیکھا گیا۔ Sensex ایک ہزار چار سو چودہ اعشاریہ تین تین یا ایک اعشاریہ نو فیصد کی گراوٹ کے ساتھ 73 ہزار ایک سو اٹھانوے اعشاریہ ایک پر بند ہوا۔ نفٹی میں بھی چار سو بیس اعشاریہ تین پانچ پوائنٹس یا ایک اعشاریہ آٹھ چھ فیصد کی گراوٹ درج کی گئی اور یہ 22 ہزار ایک سو چوبیس اعشاریہ سات پر بند ہوا۔ گذشتہ سال ستمبر میں اضافہ کے بعد سے اب تک Sensex میں 16 فیصد اور نفٹی میں 18 فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔x

## EPFO Rate

ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ سے متعلق تنظیم (EPFO) کے ملازمین کے سینٹرل بورڈ آف ٹرسٹیز (CBT) نے 2024-25 کیلئے ملازمین کے پرو ویڈینٹ فنڈ، EPF پر سود کی شرح میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اسے 8 اعشاریہ دو پانچ فیصد پر برقرار رکھے جانے کی سفارش کی ہے۔ EPFO نے، جو 7 کروڑ سے زیادہ EPF کے Susbscribers کھاتوں کا حساب کتاب رکھتا ہے، سال 2022-23 میں 8 اعشاریہ پانچ فیصد کی شرح سود میں اضافہ کرکے اِسے سال 2023-24 میں 8 اعشاریہ دو-پانچ فیصد کر دیا تھا۔ EPFO کی سفارش کو منظوری کیلئے خزانے کی مرکزی وزارت کو بھیجا جائے گا۔ شرح سود کی رقم، حکومت کی منظوری ملنے کے بعد ہی ملازمین کی پروویڈینٹ فنڈ سے متعلق کھاتوں میں بھیجی جائے گی۔ x

## HP Weather

ہماچل پردیش میں مسلسل موسلا دھار بارش اور برفباری کی وجہ سے معمول کی زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئی ہے۔ مٹی کے تودے گرنے اور برف جمع ہونے کی وجہ سے ریاست بھر میں 200 سے زیادہ سڑکیں بند ہوگئی ہیں، جبکہ 250 زیادہ بجلی کے ٹرانسفارمرس نے کام کرنا بند کر دیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں چار سے پانچ ڈگری سیلسیس تک کی کمی آئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆